The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ

یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے (یعنی) اس کیلئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے

# Quran With Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

## سورۃ التکویر

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

| |
|---|
| إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (1) |
| جب سورج لپیٹ لیا جائے گا |
| وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ (2) |
| اور جب تارے بے نور ہو جائیں گے |
| وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ (3) |
| اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے |

وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ (4)

اور جب بیاہنے والی اونٹنیاں بیکار ہو جائیں گی

وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ (5)

اور جب وحشی جانور اکٹھے ہو جائیں گے

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ (6)

اور جب دریا آگ ہو جائیں گے

وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ (7)

اور جب روحیں (بدنوں) سے ملادی جائیں گی

وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ (8)

اور جب اس لڑکی سے جو زندہ دفنادی گئی ہو

بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ (9)

پوچھا جائے گا کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی؟

وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (10)

اور جب (عملوں کے) دفتر کھولے جائیں گے

وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ (11)

اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی

وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ (12)

اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گی

وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ (13)

اور جب بہشت قریب لائی جائے گی

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَا أَحْضَرَتْ (14)

تب ہر شخص معلوم کرلے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ (15)

ہم کو ان ستاروں کی قسم جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں

الْجَوَارِ الْكُنَّسِ (16)

(اور) جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں

وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ (17)

اور رات کی قسم جب ختم ہونے لگتی ہے

وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ (18)

اور صبح کی قسم جب نمودار ہوتی ہے

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (19)

کہ بیشک یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے

ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ (20)

جو صاحب قوت مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا سردار

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ (21)

(اور) امانتدار ہے

وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ (22)

اور (مکے والو) تمہارے رفیق (یعنی محمد) دیوانے نہیں ہیں

وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ (23)

بے شک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان کے کھلے کنارے یعنی) مشرقی کنارے پر دیکھا ہے

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ (24)

اور وہ پوشیدہ باتوں (کے ظاہر کرنے) میں بخیل نہیں

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ (25)

اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ (26)

پھر تم کدھر جا رہے ہو؟

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ (27)

یہ تو جہان کے لوگوں کے لئے نصیحت ہے

لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ (28)

(یعنی) اس کیلئے جو تم میں سے سیدھی چال چلنا چاہے

وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (29)

اور تم کچھ نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو خدائے رب العالمین چاہے

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**